DAY — 22 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025	III	11	1100	J-439	(U)

SOCIOLOGY (45)

Time : 3 Hrs. **(7 Pages)** **Max. Marks : 80**

نوٹ :- (۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(۲) ۴ نمبر کے سوالات اور ذیلی سوالات کے لئے چار نکات ضروری ہیں۔

(۳) بائیں جانب سوالات کے نمبرات درج ہیں۔

(۴) ہر سوال کا جواب نئے صفحہ پر لکھیں۔

سوال نمبر ۱ :- (الف) مندرجہ ذیل بیانات کی خانہ پری قوسین میں دئے گئے الفاظ سے مناسب لفظ چُن کر کیجئے۔ (5) **[20]**

(۱) وردھمان مہاویر جین مذہب کے ..... تیرتھنکر تھے۔

(۲۴ ویں، ۲۲ ویں، ۱۶ ویں)

(۲) ثانوی تعلقات ..... برادری میں پائے جاتے ہیں۔

(دیہی، قبائلی، شہری)

(۳) ..... کے عمل میں دیہاتی افراد شہروں کی طرف ہجرت کرتے ہیں۔

(صنعتیانہ، شہریانہ، جدیدیانہ)

(۴) بھارتیہ لوک دل کا قیام ..... میں ہوا تھا۔

(1954ء، 1964ء، 1974ء)

(۵) گھریلو تشدد کا قانون ..... میں پاس ہوا۔

(1995ء، 2005ء، 2011ء)

(ب) غلط جوڑی کو درست کر کے دوبارہ لکھئے۔ (5)

(1) (i) راج مارگ - ہندوازم

(ii) تیرتھنکرس - پارسی ازم

(iii) سینٹ تھامس - عیسائیت

(iv) اشٹ مارگ - بدھ ازم

(2) (i) ممبئی - جھونپڑ پٹّی

(ii) دہلی - جُھگّی جھوپڑی

(iii) کولکتہ - چیری

(iv) بنگلورو - کیری

(3) (i) زبان کی بنیاد پر جھگڑا - دہشت گردی

(ii) مذہب کی بنیاد پر جھگڑا - فرقہ واریت

(iii) ذات پات کی بنیاد پر جھگڑا - ذات پات کی تفریق

(iv) علاقہ کی بنیاد پر جھگڑا - علاقہ پرستی

(4) (i) خواتین کی تحریک - جنسی برابری

(ii) بین الاقوامی خواتین سال - 1975ء

(iii) برابری کی جانب - ہندوستان میں خواتین کی حیثیت پر رپورٹ

(iv) ہوم رول موومنٹ - مارگریٹ کزن

(5) (i) چرس - منشیات کی لت

(ii) پُرتشدّد فلمیں - انٹرنیٹ کی لت

(iii) سیلفی جنون - مادّے کی لت

(iv) دیسی شراب - الکحل کی لت

(ج) جدول میں دئے گئے متبادل میں سے درج ذیل جملوں کے لئے صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے۔ (5)

[دیورائی، معلّم، مہاتما گاندھی، صنعتیانہ، ڈاکٹر بی.آر.امبیڈکر، پدرسری نظام]

(۱) بھارتی دستور ساز کمیٹی کے صدر تھے۔

(۲) قبائلی سماج میں جنگلات کی اہمیت۔

(۳) حاصل کیا ہوا درجہ۔

(۴) پیداوار کے لئے خودکار ساز (مشین) کا عمل۔

(۵) عورت کا پست مقام۔

(د) خط کشیدہ الفاظ کو درست کر کے جملے دوبارہ لکھئے۔ (5)

(۱) غیر جاندار جسموں کی پوجا کرنا Animism کہلاتا ہے۔

(۲) نظریۂ سرو دھرم سمبھاؤ یکسانیت کی پہچان ہے۔

(۳) 1996ء میں نئی معاشی پالیسی اختیار کی گئی۔

(۴) کاویری ندی پر سردار سروور ڈیم (Dam) تعمیر کیا گیا۔

(۵) بزرگی ایک مصنوعی عمل ہے۔

سوال نمبر۲ :- نوٹ لکھئے۔ (کوئی دو) **[8]**

(۱) پُروشارتھ۔

(۲) بھارت میں ہمہ جہتی۔

(۳) ڈیجٹلائزیشن کی خصوصیات لکھئے۔

سوال نمبر۳ :- فرق واضح کیجئے۔(کوئی تین) **[12]**

(۱) قبائلی سماج اور شہری سماج۔

(۲) عیسائی مذہب اور اسلام مذہب۔

(۳) جدیدیانہ اور عالمیانہ۔

(۴) بھارت میں خواتین کی تحریک کا آزادی سے پہلے کا دور اور آزادی کے بعد کا دور۔

(۵) سماجی مسائل اور انفرادی مسائل۔

سوال نمبر۴ :- درج ذیل نظریات کو مناسب مثالوں کے ذریعے واضح کیجئے۔ (کوئی دو) : **[8]**

(۱) آشرم ویوستھا (نظام)۔

(۲) مذہبی فرقہ واریت۔

(۳) شہریانہ

سوال نمبر۵ :- **(الف) شکلی خاکہ مکمل کیجئے :** (4) **[12]**



(ب) مندرجہ ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط وجہ کے ساتھ لکھئے۔ (کوئی دو) : (8)

(۱) انگریزی قوانین کا بھارتی سماج پر کچھ حد تک مثبت اثر ہوا۔

(۲) بھارت میں سماجی اصلاحی تحریکات کی وجہ سے تبدیلیاں ہوئیں۔

(۳) سماجی ترقی میں ٹیکنالوجی ہمیشہ مددگار نہیں ہوتی۔

سوال نمبر۶ :- **(الف) درج ذیل اقتباس کو پڑھ کر دئے گئے سوالوں کے جوابات لکھئے :** (6) **[10]**

سروشکشا ابھیان (S.S.A) حکومت ہند کا ایک پروگرام ہے
جو 6 تا 14 سال کی عمر کے بچّوں کے لئے تعلیم کو مفت اور لازمی بناتا ہے۔

اس پروگرام کو سابقہ وزیر اعظم شری اٹل بہاری واجپائی نے 94-1993ء میں شروع کیا تھا۔ 2001-2000ء سے اس پر مکمل عمل درآمد شروع کیا گیا ہے۔ اس پروگرام نے تعلیم کو بنیادی حق بنایا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ حکومت ہند نے 15/اگست 1995ء کو (NP-NSPE) قومی پالیسی برائے نیوٹریشنل سپورٹ ٹو پرائمری ایجوکیشن بھی شروع کیا۔ یہیں سے اسکول میں جانے والے بچّوں کو نشاستہ سے بھرپور کھانا فراہم کرنے کا سلسلہ جسے مڈ ڈے میل Midday Meal کہا جاتا ہے، شروع ہوا۔ مڈڈے میل کا انتظام کرنے کی ذمہ داری لوکل گرام پنچایت اور میونسپل کارپوریشن کو دی گئی۔ اسکول میں بچّوں کو دوپہر کا کھانا لازمی قرار دیا گیا۔ ایسا مانا گیا کہ بچوں کو روزانہ کی بنیاد پر اچھی اور متناسب غذائیت سے بھرپور کھانا دیا جانا چاہیے۔ بہت ساری تنظیمیں اسکولوں میں کھانا پکانے یا وقت پر کھانا پہنچانے میں اپنی خدمات فراہم کرتی ہیں۔

اس طرح سے تعلیم کے ساتھ ساتھ نشاستہ بھی فراہم کیا جارہا ہے۔ گاؤں اور میونسپل اسکولوں کے بچّے اس کھانے کا انتظار کرتے ہیں۔ ان میں سے بہت سے لوگوں کے لئے یہ شاید اس دن کا اہم کھانا ہے۔

سوالات :

(۱) کیا آپ سمجھتے ہیں کہ سروشکشا ابھیان فائدہ مند ہے؟

(۲) مڈ دے میل اسکیم (دوپہر کا کھانا) اسکول میں طلباء کی حاضری بڑھانے کے لئے ضروری ہے، ثابت کیجئے ؟

(ب) اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ (کوئی ایک) (4)

(۱) اتحاد کے اقدار کی مناسبت سے اسکولوں میں یونیفارم کی افادیت کی وضاحت کیجئے۔

(۲) کیا ماحولیاتی تعلیم کی وجہ سے آپ کے برتاؤ پر کچھ اثر ہوا ہے؟

سوال نمبر ۷ :- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا تفصیلی جواب 150 سے 200 الفاظ میں لکھئے۔ **[10]**

(۱) وضاحت کیجئے کہ دیہی سماج کے مسائل کیا ہیں اور ان کو حل کرنے کی تدابیر بیان کیجئے۔

(۲) کسانوں کی خودکشی کے اسباب بیان کر کے اس کی تدابیر لکھئے۔

◆◆◆